# سیدنا عیسیٰ المسیح کی انجیل شریف

## ۲۷ پاروں میں سے ۱۴ واں پارہ

## رسولِ مقبول حضرت پولوس کا اہلِ تھسلنیکیوں کو تبلیغی خط دوم

### رکوع ۱

(۱) پولوس رسول اور سلوانس اور تیمتھیس کی طرف سے تھسلنیکیوں کی جماعت کے نام جو ہمارے پروردگار اور آقا ومولا سیدنا عیسیٰ مسیح ہے۔ (۲) مہربانی، اور اطمینان، پروردگارِ عالم، اور آقا ومولا سیدنا عیسیٰ مسیح کی طرف سے تمہیں حاصل ہوتا رہے۔

(۳) اے دینی بھائیو! تمہارے بارے میں ہر وقت پروردگار کا شکر کرنا ہم پر فرض ہے اور یہ اس لئے مناسب ہے کہ تمہارا ایمان بہت بڑھتا جاتا ہے اور تم سب کی محبت آپس میں زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ (۴) یہاں تک کہ ہم آپ پروردگار کی جماعتوں میں تم پر فخر کرتے ہیں کہ جتنے ظلم اور مصیبتیں تم اٹھاتے ہو ان سب میں تمہارا صبر اور ایمان ظاہر ہوتا ہے۔ (۵) یہ پروردگار کی سچی عدالت کا صاف نشان ہے تاکہ تم پروردگار کی بادشاہی کے لائق ٹھہرو جس کے لئے تم دکھ بھی اٹھاتے ہو۔ (۶) کیونکہ پروردگار کے نزدیک یہ انصاف ہے کہ بدلہ میں تم پر مصیبت لانے والوں کو مصیبت۔ (۷) اور تم مصیبت اٹھانے والوں کو ہمارے ساتھ آرام دیں جب آقا ومولا سیدنا عیسیٰ مسیح اپنے قوی فرشتوں کے ساتھ بھڑکتی ہوئی آگ میں آسمان سے ظاہر ہوگا۔ (۸) اور جو پروردگار کو نہیں پہچانتے اور ہمارے مولا سیدنا عیسیٰ مسیح کی انجیل کو نہیں مانتے ان سے بدلہ لیں گے۔ (۹) وہ مولا کے چہرہِ مبارک اور ان کی قدرت کی عظمت سے دور ہو کر ابدی

ہلاکت کی سزا پائیں گے۔(۱۰) یہ اس دن ہوگا جب کہ وہ اپنے پارساؤں میں بزرگی اورسب ایمان لانے والوں کے سبب سے تعجب کا باعث ہونے کے لئے آئیں گے کیونکہ تم ہماری گواہی پرایمان لائے۔(۱۱) اسی واسطے ہم تمہارے لئے ہر وقت دعا بھی کرتے رہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار تمہیں اس بلاوے کے لائق جانے اور نیکی کی ہر ایک خواہش اورایمان کے ہرایک کام کو قدرت سے پورا کریں۔ (۱۲)تاکہ ہمارے آقاومولاسیدناعیسیٰ مسیح کی مہربانی کے موافق ہمارے مولاسیدناعیسیٰ کا نام تم میں بزرگی پائے اور تم ان میں۔

## رکوع ۲

(۱) اے دینی بھائیو! ہم اپنے مولاسیدناعیسیٰ مسیح کے آنے اور ان کے پاس اپنے جمع ہونے کی بابت تم سے درخواست کرتے ہیں۔(۲) کہ کسی روح یا کلام یا خط سے جو گویا ہماری طرف سے ہو یہ سمجھ کر کہ مولا کا دن آپہنچا ہے تمہاری عقل دفعتہً پریشان ہوجائے اور نہ تم گھبراؤ۔(۳) کسی طرح سے کسی کے فریب میں نہ آنا کیونکہ وہ دن نہیں آئے گا جب تک کہ پہلے برگشتگی نہ ہو اور وہ گناہ کا شخص یعنی ہلاکت کا فرزند ظاہر نہ ہو۔(۴)جو مخالفت کرتاہے اور ہرایک سے جو پروردگار یا معبود کہلاتےہیں اپنے آپ کو بڑا ٹھہراتاہے۔یہاں تک کہ وہ پروردگار کے پاک مقام میں بیٹھ کر اپنے آپ کو(نعوذ باﷲ)پروردگار ظاہر کرتاہے۔(۵) کیا تمہیں یاد نہیں کہ جب میں تمہارے پاس تھا تو تم سے یہ باتیں کہا کرتا تھا؟(۶) اب جو چیز اسے روک رہی ہے تاکہ وہ اپنے خاص وقت پر ظاہر ہو اس کو تم جانتے ہو۔(۷) کیونکہ بے دینی کا راز تو اب بھی تاثیر کرتا جاتاہے مگر اب ایک روکنے والا ہے اور جب تک کہ وہ دور نہ کیا جائے روکے رہے گا۔(۸)اس وقت وہ بے دین ظاہر ہوگا جسے مولاسیدناعیسیٰ اپنے منہ مبارک کی پھونک سے ہلاک اور اپنی آمد کی تجلی سے نیست کریں گے۔(۹)اور ہلاک ہونے والوں کے لئے ناراستی کے ہر طرح کے دھوکے کے ساتھ ہوگی اس واسطے کہ انہوں نے حق کی محبت کو اختیار نہ کیا جس سے ان کی نجات ہوتی۔

(۱۱) اسی سبب سے پروردگار ان کے پاس گمراہ کرنے والی چیز بھیجیں گے تاکہ وہ جھوٹ کو سچ جانیں۔(۱۲) اور جتنے لوگ حق کا یقین نہیں کرتے بلکہ ناراستی کو پسند کرتے ہیں وہ سب سزا پائیں۔

(۱۳) لیکن تمہارے بارے میں اے بھائیو! مولا کے پیارو ہر وقت پروردگار کا شکر کرنا ہم پر فرض ہے کیونکہ پروردگار نے تمہیں ابتدا ہی سے اس لئے چن لیا تھا کہ روحِ پاک کے ذریعہ سے پاکیزہ بن کر اور حق پر ایمان لا کر نجات پاؤ۔(۱۴) جس کے لئے انہوں نے تمہیں ہماری خوشخبری کے وسیلہ سے بلایا تاکہ تم ہمارے مولا سیدنا عیسیٰ مسیح کی بزرگی حاصل کرو۔(۱۵) پس اے بھائیو! ثابت قدم رہو اور جن روایتوں کی تم نے ہماری زبانی یا خط کے ذریعہ سے تعلیم پائی ہے ان پر قائم رہو۔

(۱۶) اب ہمارے آقا و مولا سیدنا عیسیٰ مسیح خود اور ہمارے پروردگار جنہوں نے ہم سے محبت رکھی اور مہربانی سے ابدی تسلی اور اچھی امید بخشی۔(۱۷) تمہارے دلوں کو تسلی عطا فرمائیں اور ہر ایک نیک کام اور کلام میں پروردگار ہیں، ہمیں تم پر بھروسا ہے کہ جو حکم ہم تمہیں دیتے ہیں ان پر عمل کرتے ہو اور کرتے بھی رہو گے۔(۵) اللہ و تبارک تعالیٰ تمہارے دلوں کو پروردگار کی محبت اور سیدنا مسیح کی صبر کی طرف ہدایت فرمائیں۔

(۶) اے دینی بھائیو! ہم اپنے مولا و آقا سیدنا عیسیٰ مسیح کے نام سے تمہیں حکم دیتے ہیں کہ ہر ایک ایسے بھائی سے کنارہ کرو جو بے قاعدہ چلتا ہے اور اس روایت پر عمل نہیں کرتا جو اس کو ہماری طرف سے پہنچی۔(۷) کیونکہ تم آپ جانتے ہو کہ ہماری مانند کس طرح بننا چاہیے اس لئے کہ ہم تم میں بے قاعدہ نہ چلتے تھے۔(۸) کیونکہ تم آپ جانتے ہو کہ ہماری مانند کس طرح بننا چاہیے اس لئے کہ ہم تم میں بے قاعدہ چلتے تھے۔(۸) اور کسی کی روٹی مفت نہ کھاتے تھے بلکہ محنت مشقت سے رات دن کام کرتے تھے تاکہ تم میں سے کسی پر بوجھ نہ ڈالیں۔(۹) اس لئے نہیں کہ ہم کو اختیار نہ تھا بلکہ اس لئے کہ اپنے آپ کو تمہارے واسطے نمونہ ٹھہرائیں تاکہ تم ہماری مانند بنو۔(۱۰)

اور جب ہم تمہارے پاس تھے اس وقت بھی تم کو یہ حکم دیتے تھے کہ جسے محنت کرنا منظور نہ ہووہ کھانے بھی نہ پائے۔(۱۱) ہم سنتے ہیں کہ تم میں بعض بے قاعدہ چلتے ہیں اور کچھ کام نہیں کرتے بلکہ اوروں کے کام میں دخل دیتے ہیں۔(۱۲) ایسے شخصوں کو ہم آقا و مولا سیدنا عیسیٰ میں حکم دیتے اور نصیحت کرتے ہیں کہ چپ چاپ کام کرکے اپنی ہی روٹی کھائیں۔(۱۳)اور تم اے بھائیو! نیک کام کرنے میں ہمت نہ ہارو۔

(۱۴) اور اگر کوئی ہمارے اس خط کی بات کو نہ مانے تو اسے نگاہ میں رکھو اور اس سے صحبت نہ رکھو تاکہ وہ شرمندہ ہو۔(۱۵) لیکن اسے دشمن نہ جانو بلکہ بھائی سمجھ کر نصیحت کرو۔

(۱۶) اب پروردگار جو اطمینان کا چشمہ ہیں آپ ہی تم کو ہمیشہ اور ہر طرح سے اطمینان بخشیں۔ پروردگار تم سب کے ساتھ رہیں۔

(۱۷) میں پولوس رسول اپنے ہاتھ سے سلام لکھتا ہوں ہر خط میں میرا یہی نشان ہے۔ میں اسی طرح لکھتا ہوں ۔(۱۸) ہمارے آقا و مولا سیدنا عیسیٰ مسیح کی مہربانی تم سب ہوتی رہے۔